ہندوستان میں بیس بال کی بڑھتی مقبولیت

بائیں سے:ہندوستان کے سب سے تیز پچر مقابلہ کے فاتح ،رنکو بھرم دین سنگھ اورقریب کھڑے رنر اپ' دنیش کمار پٹیل، نئی دھلی میں امریکی سفیر ڈیوڈ سی. ملفورڈ سے مبارک باد قبول کرتے ہوئے۔ان کے ساتھ کوچ اور انٹر پریٹر،دپیش سولنکی کو دیکھا جا سکتا ھے.

ہندوستان کے سب سے تیز بیس بال پچر کا مقابلہ جیتنے والے رنکو بھرم دین سنگھ کو امریکہ کی ایک بڑی اسپورٹس لیگ کے لیے' لاس اینجلس، کیلی فورنیا میں ٹریننگ لینے کے لیے' ایک لاکھ ڈالر کا کنٹریکٹ مل گیا ہے۔ رنراپ کے طور پر ان کے ساتھی دنیش کمار پٹیل ہیں۔

میجر لیگ بیس بال کے لیے ایک باصلاحیت اسکاؤٹ جے بی برنسٹین کی اسپانسر شپ کے تحت سنگھ اور پٹیل ٹریننگ لیں گے۔ وہ ۲۰۰۹ کے لیے کوئی پیشہ ور ٹیم تیار کرنے کی بھی کوشش کریں گے۔

دنیا بھر میں باصلاحیت کھلاڑیوں کی تلاش کے سلسلے میں ہندوستان میں دسمبر ۲۰۰۷ میں مقابلے شروع ہوئے تھے۔ ۲۰ شہروں کے دورے سے اس تلاش کی ابتدا ہوئی اس کے بعد کوالیفائی کرنے والے راؤنڈ نئی دہلی، ممبئی، کلکتہ، بنگلور، چنئی اور چنڈی گڑھ میں ہوئے اور فائنل ممبئی میں ہوا۔

اس مقابلے کے سلسلے میں اگر وہ ۱۵۱ کلومیٹر سے اوپر کی تین اسٹرائک پچ کر سکتے تو دس لاکھ ڈالر جیت سکتے تھے لیکن اس بونس راؤنڈ میں سنگھ کوئی اسٹرائک نہیں کر سکے۔

سنگھ اور پٹیل کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امریکی سفیر ڈیوڈ سی ملفورڈ نے کہا کہ "یہ ان نوجوانوں کے لیے یقیناً ایک زبردست موقع ہے لیکن میجر لیگ بیس بال کے لیے بھی یہ ایک زبردست موقع ہے۔ میجر لیگ بیس بال میں دوسرے ملکوں کے بھی بہت طرح کے شرکاء ہوتے ہیں لیکن اب تک ایک عظیم ملک ہندوستان کی طرف سے اونچے درجے کی کوئی نمائندگی نہیں ہوئی ہے۔"

http://www.themilliondollararm.com/index.php

راجہ بھٹا چاریہ